Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Rubaiyat-e-Dabeer

رباعیات دبیر

Rubaiyat by Mirza Dabeer

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Ya shah-e-Najaf thaam lo is kishwar ko
یا شاہ نجف تھام لو اس کشور کو

Aabad rakho ahl-e-aza ke ghar ko
آباد رکھو اہل عزا کے گھر کو

Yun khod do mukhalif ke amal ki buniyad
یوں کھودو مخالف کے عمل کی بنیاد

Jis tarah ukhara hai dar-e-Khaibar ko
جس طرح اکھاڑا ہے در خیبر کو

O King of Najaf, hold up this land;
keep the homes of the mourners flourishing;
dig out the foundation of the enemy's deeds
as you tore out the gate of Khaibar.

2

Sughra ka maraz kam na hua darmaan se
صغریٰ کا مرض کم نہ ہوا درماں سے

Aakhir hui beemar tap-e-hijran se
آخر ہوئی بیمار تپ ہجراں سے

Tabdeer ki ja nosh kiya zehr-e-ajal
تدبیر کی جا نوش کیا زہر اجل

Pashoi ke badle haath dhoye jaan se
پاشوئی کے بدلے ہاتھ دھوئے جاں سے

Sughra's illness was not eased by any cure;
at last the fever of separation laid her low;
in place of a cooling draught she drank the poison of death;
instead of having her feet bathed, she washed her hands of life.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

3

Phir charkh par aasmaan-e-peer aaya hai
پھر چرخ پر آسمان پیر آیا ہے

Har koocha mein waqt-e-daar-o-geer aaya hai
ہر کوچہ میں وقت دار و گیر آیا ہے

Agla sa na majma hai na agle se wo log
اگلا سا نہ مجمع ہے نہ اگلے سے وہ لوگ

Yaan aan ke hairat mein Dabeer aaya hai
یاں آن کے حیرت میں دبیرؔ آیا ہے

Again the aged heaven has begun to turn;
in every street the time of seizing and arresting has come;
the gathering is not what it was, nor are the people;
coming here, Dabeer is lost in wonder.

4

Parwane ko dhun sham ko lau teri hai
پروانے کو دھن شمع کو لو تیری ہے

Aalam mein har ek ko tag-o-dau teri hai
عالم میں ہر ایک کو تگ و دو تیری ہے

Misbah-o-nujoom aftab-o-mahtab
مصباح و نجوم آفتاب و مہتاب

Jis noor ko dekhta hoon zau teri hai
جس نور کو دیکھتا ہوں ضو تیری ہے

The moth's passion and the candle's flame are both for You;
in the world everyone strives after You;
lamp and stars, sun and moon:
whatever light I see, its radiance is Yours.

5

Mashhoor-e-jahan hai dastan-e-Shireen
مشہور جہاں ہے داستان شیریں

Shireen ne fida ki shah pe jaan-e-shireen
شیریں نے فدا کی شہ پہ جان شیریں

Shabbir ki hai wada wafai ka bayan
شبیر کی ہے وعدہ وفائی کا بیاں

Goya mere munh mein hai zaban-e-shireen
گویا مرے منہ میں ہے زبان شیریں

The tale of Shirin is famous throughout the world:
Shirin gave her sweet life for the King.
My theme is how Shabbir kept his promise:
it is as if there were a sweet tongue in my mouth.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

6

Kya qamat-e-Ahmad ne ziya paai hai
Chehre mein ajab noor ki zebai hai
Mushaf pe na kyun fakhr ho is soorat ko
Quran se pehle ye kitab aayi hai

کیا قامت احمد نے ضیا پائی ہے
چہرے میں عجب نور کی زیبائی ہے
مصحف پہ نہ کیوں فخر ہو اس صورت کو
قرآن سے پہلے یہ کتاب آئی ہے

What radiance the stature of Ahmad has gained!
In his face is a wondrous beauty of light.
Why should this face not take pride over the written Quran?
This book came before the Quran.

7

Is dar pe har ek shadman rehta hai
Khandan gul-e-ummeed yahan rehta hai
Har fasl mein dast-e-Iftikhar-ud-Daula
Neesan ki tarah guhar fishan rehta hai

اس در پہ ہر ایک شاداں رہتا ہے
خنداں گل امید یہاں رہتا ہے
ہر فصل میں دست افتخار الدولہ
نیساں کی طرح گہر فشاں رہتا ہے

At this door everyone is happy;
here the rose of hope is always in bloom;
in every season the hand of Iftikhar ud-Daula
scatters pearls like the spring rain.

8

Is bazm mein arbab-e-shuoor aaye hain
Ye Shia hain ya aaya-e-Noor aaye hain
Parh marsiya le daad-e-sukhan un se Dabeer
Kya kya hazrat-e-Kanpur aaye hain

اس بزم میں ارباب شعور آئے ہیں
یہ شیعہ ہیں یا آیۂ نور آئے ہیں
پڑھ مرثیہ لے داد سخن ان سے دبیرؔ
کیا کیا حضرات کانپور آئے ہیں

Men of understanding have come to this gathering:
are these Shias, or has the Verse of Light come down?
Recite your marsiya, Dabeer, and win their praise for your verse:
what fine gentlemen of Kanpur have come!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

9

Is bazm ko jannat se jo khush paate hain
اس بزم کو جنت سے جو خوش پاتے ہیں

Rizwan liye guldasta-e-noor aate hain
رضواں لیے گلدستہ نور آتے ہیں

Kya sehn hai gulshan-e-aza-e-Shabbir
کیا صحن ہے گلشن عزائے شبیر

Paani yahan Khizr aa ke chhirak jaate hain
پانی یہاں خضر آ کے چھڑک جاتے ہیں

Finding this gathering more pleasing than paradise,
Rizwan comes bearing a bouquet of light.
What a courtyard is this garden of mourning for Shabbir,
where Khizr comes to sprinkle water!

10

Har chashm se chashme ki rawani ho jaaye
ہر چشم سے چشمے کی روانی ہو جائے

Phir taza meri marsiya khwani ho jaaye
پھر تازہ مری مرثیہ خوانی ہو جائے

Fazl-e-Bari se hon ye aansoo jaari
فضل باری سے ہوں یہ آنسو جاری

Saawan ki ghata sharm se paani ho jaaye
ساون کی گھٹا شرم سے پانی ہو جائے

Let every eye flow like a spring;
let my reciting of marsiyas be made fresh again;
by the grace of the Creator may such tears flow
that the monsoon cloud turns to water for shame.

11

Ham shaan-e-Najaf na Arsh-e-anwar thehra
ہم شان نجف نہ عرش انور ٹھہرا

Meezan mein ye bhari wo subuk tar thehra
میزان میں یہ بھاری وہ سبک تر ٹھہرا

Is palle mein tha Najaf aur us palle mein Arsh
اس پلے میں تھا نجف اور اس پلے میں عرش

Pahuncha wo falak pe ye zameen par thehra
پہنچا وہ فلک پہ یہ زمیں پر ٹھہرا

Not even the radiant Throne proved equal in glory to Najaf:
in the scales this proved heavy, that the lighter;
in this pan was Najaf, and in that pan the Throne:
that one rose up to the sky, this one stayed on the earth.

Free to read, copy and share

12

Hai razm sarapa to zaban aur hi hai
ہے رزم سراپا تو زباں اور ہی ہے

Aur bain ke mabain bayan aur hi hai
اور بین کے مابین بیاں اور ہی ہے

Kis darja buland hai teri fikr Dabeer
کس درجہ بلند ہے تیری فکر دبیرؔ

Kehti hai zameen ye aasmaan aur hi hai
کہتی ہے زمیں یہ آسماں اور ہی ہے

In battle and in portrait the language is something else,
and in the midst of lament the telling is something else again.
How lofty your thought is, Dabeer!
The earth says, 'This is another heaven.'

13

Farman-e-Ali lauh-o-qalam tak pahuncha
فرمان علی لوح و قلم تک پہنچا

Fazl un ka har ek gham mein hum tak pahuncha
فضل ان کا ہر ایک غم میں ہم تک پہنچا

Haath us ke laga paras-e-iman sar-e-dast
ہاتھ اس کے لگا پارس ایماں سر دست

Sar jis ka Yadullah ke qadam tak pahuncha
سر جس کا یداللہ کے قدم تک پہنچا

Ali's command reached as far as the Tablet and the Pen;
his grace has reached us in every sorrow;
the philosopher's stone of faith came at once into the hand
of the one whose head reached the feet of the Hand of God.

14

Dargah-e-alamdar se behboodi hai
درگاہ علم دار سے بہبودی ہے

Beemari ko waan shifa-e-khushnoodi hai
بیماری کو واں شفائے خوشنودی ہے

Ham martaba-e-Karbala hai dargah-e-jaleel
ہم مرتبۂ کربلا ہے درگاہ جلیل

Waan khaak-e-shifa hai aur yahan oodi hai
واں خاک شفا ہے اور یہاں اودی ہے

From the shrine of the standard-bearer comes well-being;
there the sick find healing and contentment;
this noble shrine is equal in rank to Karbala:
there is the healing dust, and here the incense ash.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

15

Ae Khizr ke rahbar mujhe gumrah na kar
اے خضر کے رہبر مجھے گمراہ نہ کر

Mamnoon gada dilon ka ya shah na kar
ممنوں گدا دلوں کا یا شاہ نہ کر

Robah ki tarah chhupte hain arbab-e-duwal
روباہ کی طرح چھپتے ہیں ارباب دول

Ya sher-e-Khuda sail ko robah na kar
یا شیر خدا سائل کو روباہ نہ کر

O guide of Khizr, do not lead me astray;
O King, do not leave me beholden to beggarly hearts;
the men of wealth hide like foxes:
O Lion of God, do not make a fox of one who asks of you.

16

Adna se jo sar jhukaye aala wo hai
ادنیٰ سے جو سر جھکائے اعلیٰ وہ ہے

Jo khulq se bahrawar hai darya wo hai
جو خلق سے بہرہ ور ہے دریا وہ ہے

Kya khoob dalil hai ye khoobi ki Dabeer
کیا خوب دلیل ہے یہ خوبی کی دبیرؔ

Samjhe jo bura aap ko achchha wo hai
سمجھے جو برا آپ کو اچھا وہ ہے

He who bows his head to the lowly is the highest;
he who is rich in kindness is an ocean.
What a fine proof of goodness this is, Dabeer:
he who thinks himself bad is the good one.

17

Aafaq se ustad-e-yagana utha
آفاق سے استاد یگانہ اٹھا

Mazmoon ke jawahir ka khazana utha
مضموں کے جواہر کا خزانہ اٹھا

Insaf ka nauha hai ye bala-e-zameen
انصاف کا نوحہ ہے یہ بالائے زمیں

Sartaj-e-fasihan-e-zamana utha
سرتاج فصیحان زمانہ اٹھا

A peerless master has departed from the world;
a treasury of the jewels of poetry is gone;
this is the lament of Justice over the earth:
the crown of the eloquent of the age is gone.

Free to read, copy and share

18

Aahon se ayan barq fishani ho jaaye
آہوں سے عیاں برق فشانی ہو جائے

Ghul raad ka nalon ki zabani ho jaaye
غل رعد کا نالوں کی زبانی ہو جائے

Ashkon se jhari lage wo shah ke gham ki
اشکوں سے جھڑی لگے وہ شہ کے غم کی

Saawan ki ghata sharm se paani ho jaaye
ساون کی گھٹا شرم سے پانی ہو جائے

Let sighs flash out like lightning;
let laments tell the roar of the thunder;
let such a downpour of tears fall in grief for the King
that the monsoon cloud turns to water for shame.

19

Aada ko idhar haraam ka maal mila
اعدا کو ادھر حرام کا مال ملا

Hur ko Asadullah ka idhar laal mila
حرؑ کو اسداللہ کا ادھر لال ملا

Wallah kulah-e-sar-e-aalam hua Hur
واللہ کلاہ سر عالم ہوا حرؑ

Hulla mila Masooma ka rumal mila
حلہ ملا معصومہ کا رومال ملا

On that side the enemy gained ill-gotten wealth;
on this side Hurr gained the son of the Lion of God;
by Allah, Hurr became the crown on the head of the world:
he was given a robe of honour, and the kerchief of the Sinless Lady.

Printed from https://fzic.org/library/noha/rubaiyat-e-dabeer-50018 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.